نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کسان کے بکھیرے گئے ہر بیج کی حفاظت کرنا ہماری ذمہ داری ہے (سیکرٹری زراعت)

رینالہ خورد میں تعمیر ہونے والا جدید تربیتی مرکز اپنی مثال آپ ہوگا

لاہور:05 جنوری 2017 (   )سیکرٹری زراعت پنجاب محمد محمود نے کہا ہے کہ رینالہ خورد میں تعمیر ہونے والا تربیتی مرکز زرعی پیداوار میں بہتری کا اہم سبب ثابت ہوگا۔اس مرکز میں جدید تحقیق کے مواقع فراہم کئے جائیں گے۔175 ایکڑ پر مشتمل یہ مرکز اپنی مثال آپ ہوگا۔اس مرکز میں ہونے والی جدید زرعی تحقیق کے نتائج کسان تک پہنچائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسی تحقیق اور حکمت عملی کا کوئی فائدہ نہیں جس سے خاک آلود کسان کو فائدہ نہ پہنچے۔کسان علی الصبح مٹی کے ڈھیلے توڑنے کھیت پہنچ جاتا ہے لیکن کسان کی نئی صبح اس وقت طلوع ہوگی جب ہم اس کے مسائل حل کریں گے۔انہوں نے کہا کہ کسان کی مشکلات کا حل دراصل ملکی معیشت کو مشکلات سے نکالنا ہے۔اس کے لئے پیشہ ور ماہرین کی ہر سطح پر موجودگی انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔تجربہ کار، محنتی اور فرض شناس افراد ہی زراعت میں انقلابی تبدیلیاں لا سکتے ہیں۔کسان کی خوشحالی سے ہی ملک کی خوشحالی وابستہ ہے۔اب وقت آ گیا ہے کہ ہم کسان کی فلاح و بہبود اور اس کے کھیت میں بکھیرے گئے ہر بیج کی حفاظت کے لئے عملی اقدامات کریں۔

☆☆☆☆☆